© rasailojaraid.com

اس طرح بند ہیں جس طرح عیسائی مذہبی عدالتوں کے دور میں عقل و علم کی کوئی بات کرنے کا راستہ نہ تھا۔ عطش دُرّانی صاحب اس سلسلے میں مزید مطالعہ کریں تو پھر وہ یقیناً مغربی نظریۂ ارتقا کی مکھی پہ مکھی مارنا پسند نہ کریں گے۔

اس اختلافی نوٹ کے ساتھ کتاب کی افادیت کا ہم اعتراف کرتے ہیں۔ نوجوان طلبہ اور عام لوگ اس کے مطالعہ سے اپنے شاندار ماضی اور اپنے تہذیبی وجود کا تعارف حاصل کرسکتے ہیں۔

---

سیارہ ڈائجسٹ کا خاص نمبر
مدیر مسئول: عطش دُرّانی
مقام اشاعت: ۲۴۴ ۔ ریواز گارڈن لاہور
چندہ سالانہ ساٹھ روپے
مشرق وسطیٰ نمبر دس روپے

سیارہ ڈائجسٹ معروف ماہنامہ ہے۔ اس وقت اس کا ایک خاص نمبر ہمارے سامنے ہے مشرق وسطیٰ نمبر (ستمبر ۱۹۸۰ء) ۲۹۲ صفحات پر مشتمل ہے۔

مشرق وسطیٰ نمبر خاصا اہم اور دلچسپ ہے۔ اس میں مشرق وسطیٰ کے مسلم ممالک کے حالات تاریخی، معلوماتی اور ادبی انداز سے پیش کیے گئے ہیں۔ رپورتاژ اور کہانی کے پیرائے میں بھی اہم شخصیتوں اور واقعات کا تذکرہ ہے حالیہ بڑے بڑے واقعات و حوادث پر بھی روشنی ڈالی گئی ہے۔ مسلم ممالک کے رقبے، آبادی، پیداوار وغیرہ کے متعلق اعداد و شمار بھی درج ہیں۔ ایک اچھا کام یہ ہے کہ مشرق وسطیٰ کے جن ممالک میں پاکستان سے لوگ کام کے لیے جاتے ہیں۔ وہاں کی بہت سی فرموں کے نام پتے دیے گئے ہیں تاکہ لوگ چاہیں تو براہِ راست رابطہ کرسکیں۔

---

© rasailojaraid.com